نئے اضافوں کے ساتھ

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر سکولوں، کالجوں، اکیڈمیز اور دینی مدارس میں منعقدہ انعام گھر اور دیگر کوئز مقابلوں میں پوچھے جانے والے اہم سوالات اور جوابات کا مختصر مگر جامع معلوماتی انسائیکلوپیڈیا جس کے عمیق مطالعہ سے آپ بے شمار کتابوں سے بے نیاز ہو جائیں گے۔

معلومات

ختم نبوت

سوالاً ...... جواباً

اپنی نوعیت کی

منفرد کتاب

• جسے آپ شعور ختم نبوت اور قادیانیت شناسی کا "مختصر انسائیکلوپیڈیا" بھی کہہ سکتے ہیں۔

• جو آپ کو تحفظ ختم نبوت کی بے شمار کتابوں کے مطالعہ سے بے نیاز کر دے گی۔

• جو تحفظ ختم نبوت اور فتنہ قادیانیت کے موضوع پر لکھی جانے والی خاص

اور اہم کتابوں کا نچوڑ ہے۔

• جو دلچسپ، حیرت انگیز اور انکشافاتی حقائق و معلومات سے معمور ہے۔

• جو مسلمانوں کے اندر ختم نبوت سے محبت وعقیدت، اس کی اہمیت وفضیلت کا شعور اور اس کی پاسبانی کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔

ترتیب وتحقیق

محمد متین خالد

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے موضوع پر سکولوں، کالجوں، اکیڈمیز اور دینی مدارس میں منعقدہ انعام گھر اور دیگر کوئز مقابلوں میں پوچھے جانے والے اہم سوالات اور جوابات کا مختصر مگر جامع معلوماتی انسائیکلوپیڈیا جس کے عمیق مطالعہ سے آپ بے شمار کتابوں سے بے نیاز ہو جائیں گے۔

معلومات

ختم نبوّت

سوالاً...... جواباً

ترتیب وتحقیق

محمّد متین خالد

تحفظ ختم نبوّت کونسل ننکانہ صاحب

0300-4839384 ,0300-4887477

فہرست

- کتابوں کی کتاب محمد متین خالد 3
- عقیدہ ختم نبوت 5
- تحفظ ناموس رسالت صلی اللّٰہ علیہ وسلم 17
- عظمت صحابہ کرامؓ واہل بیتؓ 24
- فتنہ قادیانیت 25
- آنجہانی مرزا غلام قادیانی 39
- حضرت امام مہدی علیہ الرضوان 46
- حیات و نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام 48
- قادیانیت: آئین و قانون کی نظر میں 51
- تحریک ختم نبوت 57
- غدارانِ پاکستان 57
- قادیانیوں کا بائیکاٹ 58
- خدمات مجاہدین ختم نبوت 59

توجہ فرمائیں:

- 1- اس کتاب میں موجود کسی بھی حوالہ کی تصدیق کے لیے آپ براہ راست خط لکھ کر اس کا اصل عکس منگوا سکتے ہیں۔

- 2- قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اس کتاب میں موجود قابل اعتراض اور دل آزار عبارات پڑھتے وقت کثرت سے استغفار کریں۔ شکریہ!

کتابوں کی کتاب

عقیدہ ختم نبوت کو اسلام میں وہی حیثیت حاصل ہے جو ریڑھ کی ہڈی کو انسانی جسم میں۔ ہر مسلمان کا بنیادی عقیدہ ہے کہ حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کی نبوت ورسالت قیامت تک کے لیے ہے۔ اب جس نے بھی دنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی حاصل کرنی ہو، اُسے نبی رحمت ﷺ کی غلامی اختیار کرنا ہوگی۔ عقیدہ ختم نبوت اس قدر حساس اور اہم ہے کہ فقہاء نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص تمام ضروریات دین (نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور دیگر اہم عبادات و معاملات وغیرہ) میں اول درجے کا مسلمان ہو لیکن بدقسمتی سے اُسے یہ معلوم نہ ہو کہ حضور نبی کریم ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں، تو وہ بدستور کافر ہے۔ غرضیکہ ایمان کے لیے کلمہ طیبہ کی طرح ختم نبوت کا اقرار اور یقین بھی ضروری ہے۔ جس طرح توحید کے اقرار کے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا، اسی طرح ختم نبوت کا اقرار کیے بغیر بھی کوئی شخص مسلمان نہیں رہ سکتا۔ حضرت امام اعظم نعمان بن ثابت (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ) کے زمانے میں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا اور ایک دوسرے شخص نے کہا کہ میں جا کر اس سے کوئی نشانی اور معجزہ طلب کرتا ہوں تاکہ اس کا صدق وکذب عیاں ہو۔ اس پر حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: مَنْ طَلَبَ مِنْهُ عَلَامَةً فَقَدْ كَفَرَ لِقَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ. یعنی ”جو شخص اس سے علامت طلب کرے گا، وہ بھی کافر ہو جائے گا کیونکہ حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ الغرض ختم نبوت کا عقیدہ اس طرح واضح اور بے غبار ہے کہ اس میں کسی قدر تامل کرنا بھی کفر ہے۔

قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں امت کا اجماعی واتفاقی عقیدہ ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا تو درکنار، نبوت کی تمنا یا خواہش کرنا بھی کفر ہے۔ خواہ

یہ تمنا زبان سے ہو یا صرف دل میں۔ جب ایک شخص نبی ہونے کی تمنا کرنے پر کافر ہو جاتا ہے تو اندازہ لگائیں کہ نبوت کا دعویٰ کرنا کس درجہ کا کفر ہوگا۔ آپ ﷺ کے

بعد کسی بھی قسم کا دعویٰ نبوت کرنے والا بالاتفاق مرتد اور زندیق ہے۔ اس بارے میں شک کرنے والا بھی اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اور منکرین ختم نبوت قادیانیوں کی شرانگیزیوں کے پیش نظر ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ اس عقیدہ سے آگہی اور شعور فراہم کیا جائے۔ اس اہم موضوع پر بے شمار کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ لیکن ”معلومات ختم نبوت“ اس لحاظ سے اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے کہ یہ تحفظ ختم نبوت کے موضوع پر لکھی جانے والی خاص اور اہم کتابوں کا نچوڑ ہے۔ اس کتاب میں موجود قیمتی معلومات جس قدر دلچسپ ہیں، اس سے کہیں زیادہ حیرت انگیز اور انکشافاتی ہیں۔ ان میں جتنا تنوع ہے، اسی قدر ان میں کشش بھی ہے۔ سیرت النبی ﷺ اور ختم نبوت سے متعلقہ معلومات پڑھنے سے قلب و ذہن کو ایک نئی ایمانی و ایقانی جلاء نصیب ہوتی ہے جبکہ قادیانیت سے متعلقہ معلومات عبرت و نصیحت کا سامان پیدا کرتی ہیں۔ ”معلومات ختم نبوت“ عام فہم مختصر سوالات اور بھرپور علمی جوابات پر مشتمل ہے۔ سوال و جواب کے ذریعے ختم نبوت سے متعلقہ نہایت اہم موضوعات کے بارے میں مستند اور جامع معلومات کا بہترین انتخاب ایک جگہ پر اکٹھا کر دیا گیا ہے جو ہر قاری کے ذہن پر دوررس اثرات رقم کرے گا۔ اس کتاب سے جہاں نئی نسل کے اندر ختم نبوت سے محبت و عقیدت اور اس کی اہمیت کا شعور آئے گا، وہاں سب کو معلومات کا ایک گرانقدر ذخیرہ بھی ملے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ کتاب تمام مسلمانوں بالخصوص سکولوں، کالجوں، اکیڈمیز اور دینی مدارس کے طلبہ کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگی اور اس کے مطالعہ سے وہ اپنی معلومات میں بیش بہا اضافہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پیارے آقا و مولا حضور خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے اس کتاب کو اپنی بارگاہ اقدس میں قبول فرمائے اور آخرت میں میری اور اس کتاب کے معاونین کی بخشش و مغفرت کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

صفحہ ٤ — جاری ہے

خاکپائے مجاہدین ختم نبوت محمد متین خالد mateenkh@gmail.com

عقیدہ ختم نبوت

سوال: عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ جواب: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد کسی قسم کا کوئی تشریعی، غیر تشریعی، ظلی، بروزی یا نیا نبی مبعوث نہیں ہو گا۔ آپ ﷺ کے بعد جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرے، وہ مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ قرآن مجید کی ایک سو سے زائد آیات مبارکہ اور حضور نبی کریم ﷺ کی تقریباً دو سو دس احادیث مبارکہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حضور خاتم النبیین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ اس بات پر ایمان "عقیدہ ختم نبوت" کہلاتا ہے۔ ختم نبوت اسلام کا متفقہ، اساسی اور اہم ترین بنیادی عقیدہ ہے۔ دین اسلام کی پوری عمارت اس عقیدہ پر کھڑی ہے۔ یہ ایک ایسا حساس عقیدہ ہے کہ اگر اس میں شکوک وشبہات کا ذرا سا بھی رخنہ پیدا ہو جائے تو ایک مسلمان نہ صرف اپنی متاع ایمان کھو بیٹھتا ہے بلکہ وہ حضرت محمد ﷺ کی امت سے بھی خارج ہو جاتا ہے۔ پوری امت مسلمہ کا اس امر پر اجماع ہے کہ سب سے اوّل نبی حضرت آدم علیہ السلام اور سب سے آخری (نبی ورسول) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔

سوال: قرآن کریم کی کم از کم ایسی دو آیات بتائیں جو عقیدہ ختم نبوت پر دلالت کرتی ہوں؟ جواب: (1) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا. (الاحزاب: 40) (ترجمہ) نہیں ہیں محمد (ﷺ) کسی کے باپ تمہارے مردوں میں سے بلکہ وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین (آخری نبی) ہیں۔ (2) قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا. (الاعراف: 158)

(ترجمہ) آپ فرمائیے اے لوگو! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف۔

• (3) وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ.

(البقرہ:4)

(ترجمہ) اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا آپ پر اور اس پر (ایمان لائے) کہ جو کچھ نازل ہوا آپ سے پہلے اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں۔

سوال: ختم نبوت سے متعلقہ قرآن پاک کی وہ آیت بتائیے جس میں دین اسلام کے مکمل ہونے کی خوشخبری سنائی گئی ہے؟

جواب: اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِيْنًا.

(المائدہ:3)

(ترجمہ) آج میں نے مکمل کر دیا ہے تمہارے لیے تمہارا دین اور پوری کر دی ہے تم پر اپنی نعمت اور میں نے پسند کر لیا ہے تمہارے لیے اسلام کو بطور دین۔

سوال: ختم نبوت کے سلسلہ میں کوئی سی دو احادیث بتائیے؟

جواب: (1) أَنَا خَاتَمُ الْأَنْبِيَاءِ وَمَسْجِدِی خَاتِمُ مَسَاجِدِ الْأَنْبِيَاءِ

(کنز الاعمال)

(ترجمہ) میں خاتم الانبیاء ہوں اور میری مسجد نبیوں کی مساجد کی آخری مسجد ہے۔

• (2) أَنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِی وَلَا نَبِيَّ

(ترمذی)

(ترجمہ) بے شک رسالت اور نبوت کا سلسلہ منقطع ہو گیا، پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی۔

• (3) أَنَا خَاتَمَ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِی

(ابو داؤد)

(ترجمہ) ”میں خاتم النبیین (یعنی اللہ کا آخری نبی) ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ۔“

• (4) لَوْ كَانَ بَعْدِی نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرَ بْنُ الْخَطَّاب.

(ترمذی)

(ترجمہ) اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطابؓ ہوتا۔

• (5) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيّ اَنْتَ مِنِّی بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ
مِنْ مُّوسٰی إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِی.

(صحیح بخاری ومسلم)

(ترجمہ) اللہ کے رسول ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا ”تم میرے

لیے ایسے ہو جیسے ہارونؑ ، موسیٰؑ کے لیے تھے البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

سوال: ختم نبوت کے بارے میں وہ حدیث رسول ﷺ بتائیے جس میں حضور نبی اکرم ﷺ نے آنے والے جھوٹے نبیوں کے بارے میں بتایا ہے؟

جواب: اِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي كَذَّابُوْنَ ثَلَاثُونَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ وَاَنَا خَاتَمَ النَّبِيّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِى. (ابوداؤد)

(ترجمہ) (حضرت ثوبانؓ روایت کرتے ہیں کہ) حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ قریب ہے کہ میری امت میں تیس جھوٹے پیدا ہوں گے، جن میں سے ہر ایک یہی کہے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

سوال: آپ ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں ختم نبوت کا تذکرہ کن الفاظ میں فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کا تذکرہ یوں فرمایا۔ عن ابی امامة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ فی خطبته یوم حجة الوداع ایها الناس انه لا نبی بعدی ولا امة بعدکم.

(مسند احمد ج 2 ص 391)

حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے دن خطبہ ارشاد فرمایا کہ اے لوگو! بیشک میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں۔

سوال: حضرت امام ابو حنیفہؒ کے ختم نبوت سے متعلق مشہور قول کی وضاحت کریں۔

جواب: امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا: من طلب منه علامة فقد کفر لقول نبی ﷺ لا نبی بعدی (جو شخص جھوٹے مدعی نبوت سے علامت طلب کرے گا، وہ کافر ہے کیونکہ آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔)

سوال: جس شخص کو عقیدہ ختم نبوت کا علم نہیں، اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: جس شخص کو ختم نبوت کا علم نہیں، وہ مسلمان نہیں ہے چنانچہ الاشباہ والنظائر میں ہے:

"اذا لم یعرف ان محمدا ﷺ فهو اخر الانبیاء وهو کافر لانه من ضروریات الدین"

"جو شخص یہ نہیں جانتا کہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، وہ کافر ہے

کیونکہ یہ بات ضروریات دین میں سے ہے‘‘۔

سوال: نبی اور رسول کسے کہتے ہیں اور ان میں کیا فرق ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو ہدایت اور رہنمائی دینے کے لیے جن برگزیدہ بندوں کے ذریعے اپنا پیغام حق مخلوق تک پہنچایا، انہیں نبی اور رسول کہتے ہیں۔ عام طور پر نبی اور رسول ایک ہی معنی میں بولے اور سمجھے جاتے ہیں، البتہ نبی اس ہستی کو کہتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی ہدایت کے لئے وحی دے کر بھیجا ہو اور رسول اس ہستی کو کہتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نئی شریعت دے کر مخلوق میں مبعوث کرتا رہا تاکہ وہ لوگوں کو اس کی طرف بلائے۔ وحی رسول اور نبی دونوں کے پاس آتی ہے۔ رسول کا درجہ نبی سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ ہر رسول نبی بھی ہوتا ہے، مگر ہر نبی کا رسول ہونا ضروری نہیں۔ رسول اسے کہتے ہیں جسے علیحدہ کتاب اور شریعت دی گئی ہو، جیسے حضرت ابراہیمؑ، موسیٰؑ، عیسیٰ علیہم السلام جبکہ نبی کو مستقل شریعت یا کتاب نہیں دی جاتی بلکہ وہ کسی سابق رسول کی لائی ہوئی شریعت اور کتاب پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب لوگوں کو دیتے ہیں۔ رسول اور نبی دونوں اہم مناصب ہیں جن کے لیے اللہ تعالیٰ مخصوص بندوں کو منتخب کرتے ہیں، پس کسی کو صرف منصب نبوت دیا جاتا ہے اور کسی کو منصب نبوت کے ساتھ منصب رسالت بھی دیا جاتا ہے، حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے رسول اور نبی دونوں مناصب سے سرفراز فرمایا ہے۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلۂ نسب / شجرہ مبارک کیا ہے؟

جواب: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شجرہ مبارک مندرجہ ذیل ہے:

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلبؒ (شیبہ) بن ہاشمؒ (عمرو) بن عبد منافؒ (مغیرہ) بن قُصی (زید) بن کلاب بن مرّۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر (انہی کا لقب قریش تھا اور ان ہی کی طرف قبیلۂ

قریش منسوب ہے) بن مالک بن نضر (قیس) بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ (عامر) بن الیاس بن مضر بن نزار بن مَعَد بن عدنان بن اُدّ بن ہمیسع بن سلامان بن عوص بن بوز بن قوال بن ابی بن عوام بن ناشد بن حزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاحم بن ناحش بن ماخی بن عیض بن عبقر

بن عبید بن الدعا بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلجن بن ارعوی بن عیض بن دیشان بن عیصر بن افناد بن ایہام بن مقصر بن ناحث بن زارح بن سمی بن مزی بن عوضہ بن عرام بن قیدار بن اسماعیل علیہ السلام بن ابراہیم علیہ السلام بن تارخ (آزر) بن ناحور بن ساروغ بن راعو بن فالج بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت ادریس علیہ السلام کا نام ہے) بن یرد بن مہلائیل بن قینان بن انوشہ بن شیث بن آدم علیہ السلام۔

سوال: والدہ محترمہ کی طرف سے پانچویں پشت تک آپ ﷺ کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟

جواب: حضرت محمد (ﷺ) بن آمنہؓ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ۔

سوال: قرآن حکیم میں نبی اکرم ﷺ کے نام محمد ﷺ اور احمد ﷺ کتنی بار آئے ہیں؟

جواب: محمد ﷺ 4 مرتبہ اور احمد ﷺ ایک مرتبہ۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت کی جو بشارت دی تھی، اس کا ذکر قرآن مجید کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ الصّف کی آیت نمبر 6۔ ”ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد“

سوال: نبی کریم ﷺ کی چند پیغمبرانہ خصوصیات بیان فرمائیں۔

جواب: حضور نبی کریم ﷺ کی پیغمبرانہ خصوصیات میں سب سے اہم اور نمایاں خصائص آپ ﷺ کا امام الانبیاء، سید المرسلین اور خاتم النبیین ہونا ہے، آپ ﷺ کی دعوت، آپ ﷺ کی شریعت، آپ ﷺ کا پیغام اور دین اسلام آفاقی اور عالمگیر حیثیت کا حامل ہے۔ آپ ﷺ قیامت تک کے لیے نبی

نوع آدم اور پورے عالم انس و جن کے لیے دائمی نمونۂ عمل اور آخری نبی بنا کر مبعوث فرمائے گئے ہیں۔

سوال: مسلمان کی تعریف کیا ہے؟

جواب: دین اسلام کے پیروکار کو مسلمان کہتے ہیں۔ جو لوگ کلمہ طیبہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہونے کا عہد کرتے ہیں، ان کو دین اسلام کی ان تمام باتوں کا ماننا لازم ہو جاتا ہے جن کی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے تعلیم دی ہے اور جن کا ثبوت قطعی

تواتر سے ہوا ہے۔ ایسے امور کو ضروریات دین کہا جاتا ہے، ان تمام ضروریات دین کو ماننا شرط اسلام ہے۔ ان ضروریات دین میں سے کسی ایک کا انکار یا تاویل کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

سوال: امت مسلمہ میں سب سے پہلا جھوٹا مدعی نبوت کون ہے؟ جواب: اسود عنسی۔

سوال: جھوٹے مدعی نبوت اسود عنسی کو کس صحابی رسول ﷺ نے قتل کیا؟ جواب: حضرت فیروز دیلمیؓ نے۔

سوال: اسود عنسی کے قتل ہونے پر آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟ جواب: آپ ﷺ نے فرمایا: فاز فیروز (فیروز دیلمی کامیاب ہو گیا)

سوال: سب سے پہلے اسیر ختم نبوت کا نام بتائیں؟ جواب: صحابی رسولؐ حضرت عبداللہ بن وہب الاسلمیؓ۔

سوال: جھوٹے مدعی نبوت اسود عنسی نے ایک بزرگ تابعی کو اپنی جھوٹی نبوت کا اقرار نہ کرنے پر آگ میں پھینک دیا تھا۔ مگر وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح آگ میں محفوظ رہے۔ اس بزرگ تابعی کا نام بتائیں؟ جواب: حضرت عبداللہ بن ثوب ابو مسلم خولانیؒ۔

سوال: جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کو کس صحابیؓ رسول نے قتل کیا؟ جواب: حضرت ابودسمہ بن حرب وحشیؓ نے۔

سوال: حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں توحید کو پھیلانے اور کفر و شرک کو مٹانے کے لیے جتنی جنگیں لڑی گئیں، ان میں کُل کتنے صحابہ کرامؓ شہید ہوئے؟ جواب: نبی پاک ﷺ کے 23 سالہ دور نبوت میں جام شہادت نوش کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کل تعداد 259 ہے۔

سوال: سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے ہم خیال منکرین ختم نبوت کی سرکوبی اور عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے جو جنگ لڑی گئی، اس میں کتنے صحابہ کرامؓ شہید ہوئے؟

جواب: تقریباً 1200، صحابہ کرام اور تابعینؒ شہید ہوئے، جن میں تقریباً 700 حافظ قرآن اور 70 بدری صحابہؓ تھے۔ سوال: 23 سالہ دور نبوت میں کتنے کافروں کو واصل جہنم کیا گیا؟ جواب: نبی پاک ﷺ کے مبارک زمانے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہاتھوں واصل جہنم ہونے والے کافروں کی کل تعداد 759 ہے۔ سوال: جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگ میں کتنے کافر جہنم واصل ہوئے؟ جواب: جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگ یمامہ میں صحابہ کرامؓ کے ہاتھوں تقریباً 28 ہزار کفار جہنم واصل ہوئے۔ سوال: جنگ یمامہ میں حضرت عمر فاروقؓ کے شہید ہونے والے بھائی کا نام بتائیے؟ جواب: حضرت زیدؓ بن خطاب۔ سوال: تحریک تحفظ ختم نبوت کا سب سے پہلا فاتح جرنیل کون ہے؟ جواب: سیف اللہ حضرت خالدؓ بن ولید۔ سوال: حضرت حبیبؓ بن زید انصاری کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے، جن کا ایک ہاتھ یمامہ کے میدان میں مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑتے ہوئے بازو سے کٹ گیا تھا؟ جواب: حضرت ام عمارہؓ۔ سوال: پہلے شہید ختم نبوت کا نام بتائیے جن سے مسیلمہ کذاب نے اپنی جھوٹی نبوت کا اقرار کروانا چاہا مگر ہر دفعہ ان کے انکار کرنے پر ان کے جسم کا ایک ایک حصہ تلوار سے کاٹتا رہا، حتیٰ کہ آپ شہید ہوگئے؟ جواب: حضرت حبیبؓ بن زید انصاری۔ سوال: مشہور جھوٹے نبیوں میں سے کوئی سے تین کے نام بتا دیں؟ جواب: اسود عنسی۔ طلیحہ اسدی۔ مسیلمہ کذاب۔ سجاح بنت حارث۔ اسحاق اخرس مغربی۔ محمد علی باب۔ بہاء اللہ۔ آنجہانی مرزا قادیانی۔ سوال: مسیلمہ کذاب کو کذاب کیوں کہا جاتا ہے، جبکہ اس کا نام "مسیلمہ بن کبیر" تھا؟ جواب: مسیلمہ کذاب نے حضور نبی کریم ﷺ کے نام اپنے ایک خط میں خود کو "مسیلمہ

رسول اللہ‘‘ لکھا تھا، جس کے جواب میں حضور ﷺ نے اسے ’’مسیلمہ کذاب‘‘ کا خطاب دیا، اس وقت سے اس کا نام مسیلمہ کذاب (جھوٹا) مشہور ہوگیا۔

سوال: مسیلمہ کذاب کون تھا؟

جواب: جھوٹے مدعی نبوت کا پورا نام مسیلمہ بن کبیر بن حبیب تھا۔ مسیلمہ کا تعلق یمامہ کے ایک بہت بڑے قبیلے بنو حنیفہ سے تھا اور عام طور پر یہ قبیلے میں ’’رحمان یمامہ‘‘ کے نام سے مشہور تھا۔ نبی کریم ﷺ نے مسیلمہ کو ’’مسیلمہ کذاب‘‘ (جھوٹا) کے الفاظ سے مخاطب کیا، چنانچہ اس کے بعد وہ ’’مسیلمہ کذاب‘‘ کے نام سے معروف ہوگیا۔

سوال: مسیلمہ کذاب نے نبوت کی جھوٹی دعویدار عورت سے نکاح کیا، اس کا کیا نام تھا؟

جواب: سجاح بنت الحارث بن عقفان۔

سوال: نبوت کی جھوٹی دعویدار عورت سجاح بنت الحارث سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: نبوت کی جھوٹی دعویدار عورت سجاح بنت الحارث کا خاندانی تعلق بنی تغلب سے تھا اور یہ مذہباً عیسائی تھی۔ سجاح انتہائی حسین و جمیل اور باتیں بنانے کے فن میں ماہر تھی۔ اسی ہوشیاری کے سبب وہ بہت جلد لوگوں کو اپنا گرویدہ بنالیتی تھی۔ سجاح جب مسیلمہ سے جنگ کرنے کے لیے یمامہ کی طرف روانہ ہوئی تو مسیلمہ کو اس کا علم ہوگیا۔ مسیلمہ نے ہوشیاری سے کام لیتے ہوئے اسے تحائف اور خیر سگالی کا پیغام بھیجتے ہوئے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ اس ملاقات میں مسیلمہ نے سجاح کے دل و دماغ پر قابو پالیا اور انہوں نے آپس میں شادی کرتے ہوئے خود ساختہ نبوت کو آپس میں بانٹ لیا۔ مسیلمہ نے اس شادی کی خوشی میں حق مہر کے طور پر اپنے اور سجاح کے پیروکاروں کو فجر اور عشاء کی نمازیں معاف کردیں۔

سوال: غزوہ کسے کہتے ہیں؟

جواب وہ جنگ جس میں حضور نبی کریم ﷺ نے خود بنفس نفیس شرکت فرمائی ہو۔

سوال: سریہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ جنگ جس میں آپ ﷺ نے اپنے کسی صحابی کو امیر بنا کر روانہ کیا ہو۔

سوال: غزوات اور سرایا کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: غزوات 27 اور سرایا 47

سوال: امت مسلمہ کا سب سے پہلا اور دوسرا اجماع کس مسئلہ پر ہوا تھا؟

جواب: پہلا اجماع رومی فوج کے خلاف لشکر اسامہؓ پر اور دوسرا عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے جھوٹے نبیوں کے خلاف لشکر کشی پر۔

سوال: جنگ یمامہ سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: جنگ یمامہ تحفظ ختم نبوت کی پہلی جنگ ہے جو جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے خلاف یمامہ کے میدان میں لڑی گئی۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ کے آخری دنوں میں مسیلمہ کذاب نامی ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ بہت سارے لوگ اس کے پیروکار بن گئے۔ آقائے نامدار ﷺ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جھوٹے مدعیانِ نبوت کے خلاف جہاد کے لیے جید صحابہ کرامؓ پر مشتمل ایک لشکر بھیجا۔ یہ تحفظ ختم نبوت اور اس کے منکرین کے مرتد اور واجب القتل ہونے پر صحابہ کرامؓ و تابعین کا اجماع تھا۔ مسیلمہ کذاب اور اس کی جماعت کے خلاف وہی معاملہ کیا گیا جو کفار کے ساتھ کیا جاتا ہے حالانکہ مسیلمہ کذاب (قادیانیوں کی طرح) نماز، روزہ پر ایمان رکھتا تھا۔ وہ آپ ﷺ کی نبوت پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ اپنی نبوت کا بھی مدعی تھا۔ یہاں تک کہ اس کی اذان میں برابر "اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ" پکارا جاتا تھا اور وہ خود بھی اس کی تصدیق کرتا تھا۔ اس کے باوجود صحابہ کرامؓ نے بغیر مطالبہ معجزات، متفقہ طور پر مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد کا اعلان کیا کیونکہ اس نے حضور خاتم النبیین ﷺ کے بعد نبوت کا اعلان کیا تھا جو صحابہ کرامؓ کے لیے قطعی طور پر ناقابل برداشت تھا۔ صحابہ کرامؓ میں سے کسی ایک نے بھی مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد سے انکار نہ کیا اور نہ کسی نے یہ کہا کہ یہ لوگ اہلِ قبلہ ہیں، نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں، قرآن پڑھتے ہیں،

حج اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، ان کو کیسے کافر سمجھ لیا جائے (جیسا کہ آج کل ہمارے ہاں قادیانیوں کے بارے میں بہت سے خود ساختہ روشن خیال اور ترقی پسند سوچتے ہیں)۔ بلکہ صحابہ کرامؓ نے بہ اجماع

مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کو دعویٰ نبوت کی وجہ سے مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھا۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تقریباً دس ہزار صحابہؓ کرامؓ پر مشتمل ایک عظیم الشان لشکر حضرت خالدؓ بن ولید کی قیادت میں مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کے خلاف جہاد کے لیے یمامہ روانہ فرمایا۔ اس لشکر میں بعض بدری صحابہؓ کرامؓ بھی شریک ہوئے حالانکہ وہ بہت ضعیف ہو چکے تھے مگر تحفظِ ختمِ نبوت کی خاطر وہ اس عظیم جہاد میں شریک ہوئے۔ مسیلمہ کذاب کے خلاف اس جہاد میں تقریباً بارہ سو صحابہؓ کرامؓ شہید ہوئے جن میں تقریباً 7 سو کے قریب حفاظ قرآن تھے۔ مسیلمہ کذاب کے لشکر کی تعداد چالیس ہزار مسلح جنگجوؤں پر مشتمل تھی۔ ان میں سے 28 ہزار کے قریب ہلاک ہوئے۔ مسیلمہ کذاب کو حضرت ابودجانہ بن حرب وحشیؓ نے اپنے نیزے سے واصل جہنم کیا۔ مسیلمہ کی فوج کے باقی لوگوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔

سوال: کیا کوئی شخص حضور نبی کریم ﷺ کی اطاعت یا پیروی کر کے نبی بن سکتا ہے؟ جواب: حضور خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد کوئی شخص نبی نہیں ہو سکتا خواہ وہ اللہ تعالیٰ کی کتنی ہی اطاعت یا پیروی کیوں نہ کر لے۔ اگر اطاعت یا پیروی کرنے سے نبوت مل سکتی تو اس کے سب سے زیادہ مستحق صحابہ کرامؓ تھے، عشرہ مبشرہؓ تھے، خلفائے راشدینؓ تھے۔ مگر ان میں سے کسی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا، حالانکہ وہ عبادت اور اطاعت کی انتہا پر تھے۔

سوال: کیا کوئی انسان اپنی محنت و کوشش، ریاضت و مجاہدات سے نبی بن سکتا ہے؟ جواب: نبوت کسبی نہیں ہے۔ کوئی انسان اپنی محنت و کوشش، ریاضت و مجاہدات سے نبی نہیں بن سکتا۔ بعض فقہاء نے نبوت کو کسبی کہنے والوں کو کافر کہا ہے۔ نبوت ہر لحاظ سے وہبی ہے۔ یعنی یہ محض اللہ تعالیٰ کی عطا ہے اور خالصتاً اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہے۔

سوال: ظلی اور بروزی نبوت سے کیا مراد ہے؟ جواب: ظلی اور بروزی نبوت کا اسلام میں کوئی تصور نہیں۔ یہ قادیانی اصطلاحات ہیں جو ہندو نظریات و عقائد سے لی گئی ہیں۔ ایسی اصطلاحات، اسلام کی توہین کے مترادف ہیں۔

سوال: کیا قادیانی بھی ختم نبوت کا اقرار کرتے ہیں؟

جواب: قادیانیوں کے نزدیک حضور نبی کریم ﷺ آخری نبی نہیں بلکہ دجال قادیان مرزا قادیانی آخری نبی ہے۔ غور فرمائیں کہ قادیانی، حضور نبی کریم ﷺ کے ظاہری پردہ فرما جانے کے 1400 سال بعد تک کسی کو نبی نہیں مانتے پھر 1400 سال بعد مرزا قادیانی کو نبی کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اس وقت 116 سال گزرنے کے بعد بھی قادیانی، آنجہانی مرزا قادیانی کی نبوت پر تو اصرار کرتے ہیں لیکن اس کے بعد کسی اور نبی کے قائل اور دعوے دار نہیں۔ اس سے لامحالہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ مرزائیوں کے نزدیک خاتم النبیین یعنی آخری نبی حضور نبی کریم ﷺ نہیں بلکہ قادیان کا کذاب و دجال ہے۔ قادیانی، مرزائی جہاں خاتم النبیین کے اقرار کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں، وہاں خاتم النبیین (آخری نبی) سے مراد مسیلمہ پنجاب مرزا غلام قادیانی کو لیتے ہیں۔

سوال: مرزا قادیانی اور اس کے پیروکاروں کو کافر کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: مرزا قادیانی کے کفر کی بے شمار وجوہات ہیں، ان میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں:

- 1- ختم نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے۔
- 2- نبوت و رسالت کا دعویٰ کرنے کی وجہ سے۔
- 3- رسول کریم ﷺ کی توہین کرنے کی وجہ سے۔
- 4- تمام انبیاء پر فضیلت کا دعویٰ کرنے اور گستاخی کی وجہ سے۔
- 5- دعویٰ خدائی کرنے اور توہین خدا کرنے کی وجہ سے۔
- 6- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت بن باپ کا انکار کرنے کی وجہ سے۔
- 7- جہاد کو حرام قرار دینے کی وجہ سے۔

• 8- مسلمانوں کو کافر کہنے کی وجہ سے۔

سوال: کافر کی کتنی اقسام ہیں اور ان میں کیا فرق ہے؟

جواب: کافر کی چار اقسام ہیں: عام کافر، منافق، مرتد، زندیق۔

عام کافر: جو اسلام، اللہ کے رسول ﷺ اور اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید کا

کھلم کھلا انکار کرے اور ان کی مخالفت کرے۔

منافق: جو دل سے دین اسلام کا مخالف و دشمن ہو، مگر زبان سے اسلام کا اقرار کر کے مسلمانوں کو دھوکا دے۔

مرتد: ایسا شخص جو دین اسلام میں داخل ہو کر پھر اسے چھوڑ دے اور کفر اختیار کر لے یا کسی اور مذہب (کتابی یا غیر کتابی) میں داخل ہو جائے، اُسے مرتد کہتے ہیں۔

زندیق: دین اسلام کا منکر جو اسلام کو قبول نہ کرے اور اپنے کفریہ اعمال و اعتقادات کو درست اور اسلامی ثابت کرنے کی کوشش کرے اور اپنے کفر کو اسلام اور اسلام کو کفر کہے، اُسے زندیق کہتے ہیں جیسے کہ قادیانی۔

سوال: کیا نبی شاعر ہوتا ہے؟

جواب: سچا نبی شاعر نہیں ہوتا۔ جھوٹا مدعی نبوت آنجہانی مرزا قادیانی با قاعدہ شاعری کی ٹانگ توڑا کرتا تھا۔ شاعر ہونا نبوت کے منافی ہے۔

سوال: شعر مکمل کریں۔

لکھتا ہوں خون دل سے یہ الفاظ احمریں

جواب: بعد از رسول ہاشمی ﷺ کوئی نبی نہیں

سوال: تحفظ ختم نبوت کا کام زیادہ سے زیادہ کیسے ممکن ہے؟

جواب: ہر قسم کے فروعی اختلافات چھوڑ کر اتحاد بین المسلمین کے داعی بن کر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کے محاذ پر بھر پور کام کریں۔ علماء کرام اور خطیب حضرات اپنی خطابت سے مجاہدانہ کردار ادا کریں۔ مشائخ عظام اپنے تمام عقیدت مندوں کو حکم

دیں کہ وہ تحفظ ختم نبوت کا کام کریں اور قادیانیوں کا مکمل سماجی و معاشی بائیکاٹ کریں۔ اگر قادیانی شعائر اسلامی کی توہین کریں تو فوری طور پر تھانہ جا کر ان کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ C/298 کے تحت مقدمہ درج کروائیں۔ ہر علاقے میں ختم نبوت کانفرنس منعقد کروائی جائے۔ تحفظ ختم نبوت پر مبنی لٹریچر زیادہ سے زیادہ تقسیم کیا جائے۔ صحافی حضرات اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے اخبارات و رسائل میں اس اہم موضوع پر مضامین

لکھیں۔ سیاست دان اور دیگر بااثر حضرات قادیانیوں کے خلاف حکومت کے آئینی، قانونی اور عدالتی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

تحفظ ناموس رسالت ﷺ

سوال: تحفظ ناموس رسالت ﷺ کیا ہے؟

جواب: تحفظ ناموس رسالت ﷺ سے مراد ہے کہ حضور خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی عزت وتکریم و تقدس کا پورا پورا لحاظ رکھا جائے اور آپ ﷺ کی شان اقدس میں (معاذ اللہ) ادنیٰ سے ادنیٰ معمولی سی بات کہنا یا لکھنا تو بہت دور، اس کا تصور بھی نہ کیا جائے۔

سوال: کیا تحفظ ناموس رسالت ﷺ سے مراد صرف حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ناموس کا تحفظ ہے؟

جواب: اس سے صرف رسول اللہ ﷺ ہی نہیں بلکہ حضرت آدم علیہ السلام سے حضور نبی کریم ﷺ تک تمام انبیاء ورسل علیہم الصلوٰۃ والسلام کی عزت و ناموس مراد ہے۔ لیکن عام طور پر نبی کریم ﷺ کا ذکر کر کے تمام انبیاء کرام اور رسل عظام بشمول حضرت عیسیٰ و حضرت موسیٰ علیہم السلام مراد لیے جاتے ہیں۔ اسلامی عقائد میں یہ بات واضح طور پر شامل ہے کہ کسی بھی ایک نبی کی توہین یا گستاخی کرنے والا اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

سوال: توہین رسالت کرنے والے کی شرعی سزا کیا ہے؟

جواب: اسلام میں جمہور علماء کے نزدیک گستاخ رسول کی شرعی سزا "موت" ہے۔

سوال: حضور نبی کریم ﷺ کے آداب کے بارے میں قرآن مجید کی کوئی ایک آیت بیان کریں؟

جواب: قرآن مجید میں ہے۔ ”یایھا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون.“ (الحجرات: 2) (ترجمہ) اے ایمان والو، اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز سے اونچا نہ ہونے دو، اور نہ ان سے اونچی آواز میں بات کرو

جیسا کہ تم آپس میں بات کرتے وقت کرتے ہو، ایسا نہ ہو کہ تمھارے اب تک کے اعمال اس طرح ضائع ہو جائیں کہ تمھیں احساس تک نہ ہو۔

سوال: یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

و احسن منک لم تر قط عینی   و اجمل منک لم تلد النساء

خلقت مبراً من کل عیب   کانک قد خلقت کما تشاء

ترجمہ : ”آپ ﷺ سے بڑھ کر حسین آدمی آج تک میری آنکھ نے نہیں دیکھا، اور عورتوں نے آپ ﷺ سے بڑھ کر کسی خوبصورت بچے کو جنم ہی نہیں دیا ، آپ ﷺ تمام عیبوں اور برائیوں سے اس طرح پاک صاف پیدا کیے گئے ہیں، کہ ایسا لگتا ہے کہ آپ ﷺ اس طرح پیدا ہوئے ، جس طرح آپ ﷺ خود چاہتے تھے۔“

جواب : شاعرِ دربارِ رسالت حضرت حسان بن ثابتؓ کے۔

سوال : اللہ تعالیٰ نے کس آیت کے ذریعے حضور ﷺ پر انسانوں کو درود بھیجنے کا حکم صادر فرمایا؟

جواب : اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (سورة الاحزاب : 56)

سوال : بتائیے کہ الہامی کتاب تورات میں حضور خاتم النبیین ﷺ کا نام نامی کیا ہے؟

جواب : ماذ ماذ۔

سوال : الہامی کتاب انجیل میں آپ ﷺ کا اسم مبارک کیا ہے؟

جواب : طاب طاب۔

سوال : بتائیے! حضرت امام بوصیریؒ کے مشہور نعتیہ قصیدے بردہ شریف (مولا یا صلّ وسلم) میں کل کتنے اشعار ہیں؟

جواب : تقریباً 160، ایک سو ساٹھ اشعار ہیں۔

سوال : اس عظیم مجاہد خاتون کا نام بتائیے کہ غزوۂ احد میں جس کا باپ، بھائی اور خاوند شہید ہوگئے اور ان افراد کی شہادت کی اطلاع ایک ایک کرکے ان کو دی گئی مگر وہ خاتون ہر مرتبہ یہی پوچھتی رہی: ”پہلے مجھے یہ بتاؤ! کیا حضور ﷺ خیریت سے ہیں؟

جواب: اس خاتون کا نام حضرت ہند بنت حزام رضی اللہ عنہا ہے۔ جنہوں نے آپ ﷺ کو خیریت سے دیکھتے ہوئے کہا: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے ہر غم و پریشانی ہیچ ہے۔

سوال: گستاخ رسول ﷺ کعب بن اشرف یہودی کو کس صحابیؓ نے جہنم واصل کیا تھا؟ جواب: حضرت محمد بن مسلمہؓ نے۔

سوال: بدنام زمانہ گستاخ رسول ولید بن مغیرہ کے عیوب بیان کرتے ہوئے قرآن مجید اسے ”زنیم“ یعنی حرام زادہ قرار دیتا ہے؟ یہ کس سورہ کی کون سی آیات ہیں؟ جواب: سورہ القلم کی آیات نمبر 10 تا 13۔

سوال: اگر کوئی شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی شان میں گستاخی کرے، اس سے متعلق اللہ تعالیٰ کیا فرماتے ہیں؟ جواب: ان الذین یوذون اللہ و رسوله،لعنهم اللہ فی الدنیا و الاخرة واعد لهم عذاباً مهینا. (الاحزاب: 57) ترجمہ: بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ایذا پہنچاتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت فرمائی دنیا اور آخرت میں اور ان کے لیے تیار کر رکھا ہے ذلت والا عذاب

سوال: جس منافق نے آپ ﷺ کا فیصلہ ماننے سے انکار کیا تو حضرت عمر بن خطابؓ نے اس کا کیا فیصلہ فرمایا؟ جواب: حضرت عمر بن خطابؓ نے اپنی تلوار سے اس منافق کا سر قلم کر کے فرمایا، جو میرے نبی ﷺ کا فیصلہ نہ مانے، عمرؓ کے پاس اس کا یہی فیصلہ ہے۔

سوال: حضرت عمر فاروقؓ کے اس فیصلے پر قرآن کی کون سی آیت نازل ہوئی؟ جواب: فلا وربک لا یومنون حتی یحکموک فیما شجر بینهم ثم لا یجدوا فی انفسهم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما. (النساء: 65)

کرے آگے مکمل سر تسلیم خم کردیں۔

سوال: ابن خطل کون تھا؟

جواب: ابن خطل مکہ کا معروف گستاخ رسول تھا، خود بھی شان رسالت مآب ﷺ میں گستاخیاں کرتا تھا اور اپنی دو لونڈیوں سے بھی گستاخی کرواتا تھا۔

سوال: ابن خطل کے بارے میں رسول ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر ابن خطل کعبہ کے پردوں میں لپٹا ہوا پایا جائے، تب بھی اسے قتل کر دیا جائے۔

سوال: قرآن کریم کی کس سورۂ مبارکہ میں گستاخ رسول کا نام لے کر اس کے لیے عذاب کی وعید سنائی گئی ہے؟

جواب: سورۃ لہب میں ابولہب کا نام لے کر عذاب کی وعید سنائی گئی ہے۔

سوال: گستاخ رسول ابولہب کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

جواب: وہ طاعون جیسے زہرناک اور سوزش والے عبرتناک مرض میں مبتلا ہو کر تڑپ تڑپ کر جہنم واصل ہوا، دورانِ بیماری اور موت کے بعد کوئی عزیز حتیٰ کہ اولاد بھی اس کے قریب نہ آئی تھی، یہاں تک کہ مرنے کے بعد لاش سے جب تعفن اٹھنا شروع ہوا تو لوگوں کے شور مچانے پر اس کے بیٹوں نے حبشی مزدوروں سے لکڑیوں کے ذریعے لاش گڑھے میں ڈلوائی اور اوپر سے پتھر ڈال کر مٹی پھینک دی۔

سوال: قرآن کریم کی کس سورۃ میں مسلمانوں کی عبادت گاہ کو مسجد کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ حج، آیت 40، پارہ 17۔

سوال: کیا حضور رسالت مآب ﷺ نے کبھی منافقوں کی بنائی ہوئی مسجد مسمار کی؟

جواب: جی ہاں! حضور نبی کریم ﷺ ایک دفعہ غزوۂ تبوک پر گئے تو آپ ﷺ کی عدم موجودگی میں منافقین مدینہ نے ایک عبادت گاہ بنائی، جس کا نام مسجد رکھا۔ حضور ﷺ نے اس کو آگ لگوا کر مسمار کروا دیا۔ قرآن مجید میں اسے "مسجد ضرار" کہا گیا ہے۔ اس کا ذکر قرآن مجید کی سورۂ توبہ کی آیات 107 تا 110 میں موجود ہے۔

سوال: مشہور گستاخ رسول ابوجہل کو کن عاشقان رسول نے واصل جہنم کیا؟

جواب: حضرت معاذؓ اور حضرت معوذؓ نے۔ دونوں نوعمر انصاری بھائیوں نے ابوجہل پر حملہ کر کے نیچے گرایا اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس کا سر کاٹا تھا۔

سوال: حضور نبی کریم ﷺ سے محبت کرنا تقاضائے ایمان ہے۔ حضور ﷺ سے لامحدود اور غیر مشروط محبت کرنا ایمان کی بنیادی شرط ہے۔ کیا آپ عربی میں وہ حدیث بتا سکتے ہیں جس میں یہ تقاضا بیان ہوا ہے؟

جواب: حضور سرور کائنات ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ. (بخاری شریف)

(ترجمہ) تم میں کوئی شخص اس وقت تک ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے ماں، باپ، اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ مجھ (حضور نبی کریم ﷺ) سے محبت نہ کرے۔

سوال: معروف دشمن اسلام ابوجہل کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: اس کا اصل نام عمرو بن ہشام جبکہ لقب ابوالحکم (عقل کا باپ) تھا۔ مگر حضور نبی کریم ﷺ نے اسے "ابوجہل" کا لقب دیا کیونکہ وہ حق دیکھ کر بھی جہالت کا شکار رہا۔

سوال: آپ ﷺ نے مشہور منافق عبداللہ بن ابی کو کون سا لقب دیا؟

جواب: رئیس المنافقین کا۔

سوال: نبی کریم ﷺ ایسے مخاطب کو جو کافر ہوتا، اسے شروع میں سلام کے طور پر کیا لکھتے؟

جواب: السلام علی من اتبع الھدیٰ

سوال: حضور نبی کریم ﷺ نے کس صحابیؓ سے کہا تھا کہ "میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں؟"

جواب: حضور نبی کریم ﷺ نے یہ جملہ خوش ہو کر حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو کہا تھا جو غزوہ احد کے موقع پر آپ ﷺ کا تحفظ کرتے ہوئے کفار پر تیر برسا رہے تھے۔ ایک اور موقع پر آپ ﷺ نے یہ جملہ حضرت زبیرؓ سے بھی کہا تھا جو کفار سے جنگ کے دنوں میں دشمنوں کے حالات وعزائم کے بارے میں خفیہ معلومات حاصل کر کے آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے تھے۔

سوال: مباہلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: اگر کسی امر کے حق و باطل میں فریقین کے درمیان نزاع ہو جائے تو اسے حل کرنے کا صحیح طریقہ عقل و استدلال ہے اور اگر باطل محض اپنی ہٹ دھرمی سے اپنی بات پر اڑا رہے تو پھر یہ طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ جو فریق اس امر میں باطل پر ہو، اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وبال، لعنت اور ہلاکت پڑے۔ سو جو شخص جھوٹا ہوگا، وہ اس کا خمیازہ بھگتے گا۔ اس طریقہ پر دعا کرنے کو "مباہلہ" کہتے ہیں۔ اگر اس دعا میں اپنے عزیز واقارب کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس سے مزید اہتمام بڑھ جاتا ہے۔

سوال: شان رسالت مآب ﷺ میں گستاخی کے سلسلہ میں خلیفہ ہارون الرشید اور حضرت امام مالکؒ کے بارے میں کیا تاریخی مکالمہ ہوا؟

جواب: خلیفہ ہارون الرشید نے حضرت امام مالکؒ سے پوچھا کہ اگر دنیا میں کسی جگہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان اقدس میں گستاخی ہو جائے تو اس پر حضور نبی کریم ﷺ کی امت کی کیا ذمہ داری ہے؟ جواب میں حضرت امام مالکؒ نے فرمایا: امت مسلمہ اس توہین کا بدلہ لے۔ خلیفہ ہارون الرشید نے پوچھا: اگر وہ (امت مسلمہ) ایسا نہ کرے تو پھر؟ جواب میں امام مالکؒ نے فرمایا: پھر حضور نبی کریم ﷺ کی ساری امت کو مر جانا چاہیے، اس کو زندہ رہنے کا کوئی حق حاصل نہیں۔

سوال: شہیدان ناموس رسالت ﷺ میں چند ایک کے نام بتائیں؟

جواب: غازی عبدالقیوم شہید، غازی مرید حسین شہید، غازی عبدالرحمٰن شہید، غازی محمد صدیق شہید، غازی عامر عبدالرحمٰن چیمہ شہید، غازی عبداللہ شہید، غازی عبدالرشید شہید، غازی میاں محمد شہید، غازی علم الدین شہید، غازی ملک محمد ممتاز قادری شہید۔

سوال: غازی علم الدین شہیدؒ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: غازی علم الدین شہیدؒ نے گستاخ رسول راجپال کو 6 اپریل 1929ء کو قتل کیا۔ پھر 22 مئی 1929ء کو انھیں سزائے موت سنائی گئی۔ 31 اکتوبر 1929ء کو انھیں پھانسی دے دی گئی۔ 14 نومبر 1929ء کو ان کی نمازِ جنازہ لاہور میں ادا کی گئی۔ تقریباً 6 لاکھ مسلمانوں نے ان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

سوال: علامہ اقبالؒ نے غازی علم الدین شہیدؒ کو اس کے عظیم کارنامے پر کن الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا؟ جواب: اسیں گلاں ای کردے رہ گئے تے ترکھاناں دا منڈا بازی لے گیا۔ یعنی: ”ہم باتیں ہی کرتے رہ گئے اور بڑھئی کا لڑکا بازی لے گیا۔“

سوال: ناموس رسالت ﷺ بل کس نے اور کب قومی اسمبلی میں پیش کیا؟ جواب: محترمہ آپا نثار فاطمہ صاحبہ مرحومہ رکن قومی اسمبلی نے 1986ء میں تحفظ ناموس رسالت ﷺ کا بل قومی اسمبلی میں پیش کیا۔

سوال: گستاخان رسول سے متعلقہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 295 سی (قانون توہین رسالت ﷺ) کیا ہے؟ جواب: جو شخص بذریعہ الفاظ زبانی، تحریری یا اعلانیہ اشارتاً یا کنایتاً بہتان تراشی کرے یا رسول کریم حضرت محمد ﷺ کے پاک نام کی بے حرمتی کرے اسے سزائے موت دی جائے گی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

سوال: آج تک کتنے گستاخان رسول کو قانون توہین رسالت کے تحت سزائے موت ہوئی؟ جواب: امریکہ اور مغربی ممالک کے دباؤ پر آج تک کسی بھی مجرم کو سزائے موت نہیں دی گئی۔

سوال: قرآن مجید کی توہین کے مرتکب پر تعزیرات پاکستان کی کون سی دفعہ لاگو ہوتی ہے؟ جواب: 295-بی۔

سوال: علامہ اقبالؒ کی مشہور زمانہ نظم ”شکوہ، جواب شکوہ“ کا آخری شعر کون سا ہے؟ جواب:
کی محمدﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں

یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

سوال: حیات النبی ﷺ کا عقیدہ کیا ہے؟ جواب: حیات النبی ﷺ کا عقیدہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ اپنی قبر مبارک میں اپنی ظاہری زندگی کی طرح زندہ و جاوید ہیں۔ آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی

طرف سے رزق عطا ہوتا ہے۔ آپ ﷺ اذان و اقامت سے نماز پڑھتے ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ اپنے روضہ مبارک پر حاضری کے لیے آنے والے اپنے ہر امتی کو

جانتے اور پہچانتے ہیں۔ آپ ﷺ بغیر کسی واسطہ کے صلوٰۃ والسلام براہ راست اور بنفس نفیس خود سماعت فرماتے اور اس کا جواب دیتے ہیں۔ یہ اہل سنت الجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے۔ اس عقیدہ کا منکر گمراہ ہے۔ ایسے گروہ سے کسی بھی قسم کے معاملات رکھنا حرام ہے۔

سوال: زکوٰۃ اچھی، حج اچھا، روزہ اچھا، نماز اچھی

مگر میں باوجود ان کے مسلماں ہو نہیں سکتا

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ بطحا ﷺ کی عزت پر

خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

یہ اشعار کس عظیم شاعر کے ہیں؟

جواب: مولانا ظفر علی خانؒ کے۔ (روزنامہ زمیندار لاہور 26 مئی 1929ء)

عظمت صحابہ کرامؓ و اہل بیت عظامؓ

سوال: عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ دس صحابی جنھیں رسول اللہ ﷺ نے دنیا میں ہی جنت کی بشارت دی۔ ان کے نام یہ ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ۔ حضرت عمر فاروقؓ ۔ حضرت عثمان غنیؓ ۔ حضرت علی المرتضیٰؓ ۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔ حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ۔ حضرت زبیرؓ بن العوام۔ حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح۔ حضرت سعیدؓ بن زید۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

سوال: اسلام میں سب سے پہلے حضور نبی کریم ﷺ کی حفاظت کے لیے تلوار کس نے لہرائی؟

جواب: حضرت زبیر بن عوامؓ نے مکہ میں۔

سوال: وہ جنگیں جن میں حضور نبی کریم ﷺ نے بہ نفس نفیس حصہ لیا ہو، غزوات کہلاتی ہیں۔ ان جنگوں کی تعداد بتائیں؟

جواب: (27) ستائیس۔

سوال: حضور ﷺ کے کن چچا کا لقب سید الشہداء ہے؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔

سوال: مسلمانوں نے کس صحابی کے مسلمان ہونے پر پہلی مرتبہ نعرہ تکبیر بلند کیا؟ جواب: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

سوال: کسی ایسے جلیل القدر صحابی رسول کا نام بتائیں جن کی چار پشتیں صحابی ہیں؟ جواب: حضرت ابو بکر صدیقؓ ان کا واحد خاندان ہے جس کی چار پشتیں صحابی ہیں۔ یعنی والد حضرت ابو قحافہؓ، خود حضرت ابو بکر صدیقؓ، بیٹا حضرت عبد الرحمٰنؓ اور پوتا حضرت ابو عتیقؓ۔

سوال: نبی کریم ﷺ کی صاحبزادیوں کے نام بتائیں؟ جواب: حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کی فضیلت سے متعلق کوئی سی دو احادیث بتائیں؟ جواب: 1۔ آپ ﷺ نے فرمایا ”حضرت حسنؓ و حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں“۔ 2۔ آپ ﷺ نے فرمایا حضرت حسنؓ و حسینؓ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں“۔

سوال: شہزادیٔ کونین حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی فضیلت میں کوئی حدیث بیان فرمائیں؟ جواب: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ”حضرت فاطمہؓ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے فاطمہؓ کو ناراض کیا اس نے مجھ کو ناراض کیا“۔

فتنہ قادیانیت

سوال: فتنہ قادیانیت کیا ہے؟ جواب: قادیانیت حضور نبی کریم ﷺ سے بغاوت و عداوت کا دوسرا نام ہے۔ قادیانی ایسے شخص کو نبی اور رسول مانتے ہیں جو اپنے کفریہ عقائد کے ساتھ ساتھ گستاخ

رسول، گستاخ صحابہ اور گستاخ قرآن وغیرہ تھا۔ وہ شخص ختم نبوت کا منکر اور دین اسلام کا باغی تھا۔ قادیانی، مرزا قادیانی کے تمام دعوٰی جات کی تصدیق اور اُن پر ایمان رکھتے ہیں۔

سوال: مرزائی، قادیانی کون ہیں؟

جواب: انگریز ساختہ نبی آنجہانی مرزا غلام قادیانی کو ماننے والے مرزائی، قادیانی کہلاتے ہیں۔ مرزائی، قادیانی ایک ہی کھوٹے سکے کے دو رخ ہیں۔ مرزا ملعون کی قوم مغل برلاس تھی، اس نسبت سے وہ اپنے نام کے شروع میں "مرزا" کا اضافہ کرتا تھا اور اسی وجہ سے اس کے چیلے "مرزائی" کہلاتے ہیں۔ مرزا قادیانی بھارتی صوبہ پنجاب کے ضلع گورداسپور کے قصبہ قادیان کا رہنے والا تھا، اس نسبت سے وہ اپنے نام کے آخر میں قادیانی کا اضافہ کرتا تھا اور اسی وجہ سے اس کے چیلے "قادیانی" بھی کہلاتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ مرزا قادیانی کے چیلوں کو جب مرزائی یا قادیانی کہا جائے تو وہ سیخ پا ہو جاتے ہیں بلکہ بعض نازک الطبع اسے گالی تصور کرتے ہیں۔ اب ان عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے کہ اس میں ہماری کیا غلطی ہے؟ یہ تو تمہارے خود ساختہ نبی ہی کی سوغاتیں ہیں۔ لہٰذا انہیں گالی سمجھنے کی بجائے اسے قبول کریں۔

سوال: قادیانی، مرزائی خود کو احمدی کیوں کہتے ہیں؟

جواب: قادیانیوں کی دلی تمنا و خواہش ہوتی ہے کہ انہیں مرزائی یا قادیانی کہنے کی بجائے "احمدی" کہا جائے۔ قادیانیوں میں "احمدی" کہلوانے کا شوق یوں پروان چڑھا کہ آیت قرآنی "ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد"

(الصف:6)

میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس "احمد" کی تشریف آوری کی بشارت دی ہے، اس سے مراد مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔ جبکہ صحابہ کرامؓ ، تابعینؒ تبع تابعینؒ اور 1400 سال کے آئمہ تفسیر کا اجماع ہے کہ آیت مذکورہ میں بیان کردہ "احمد" سے مراد حضور نبی کریم ﷺ کی ذات بابرکات ہی ہے۔ اب ایک طرف 1400 سال کے آئمہ تفسیر اور دوسری طرف 100 سالہ تاویلات و تلبیسات کے گروہ کا موقف ہے۔ فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ حق پر کون ہے؟ 1400 سال کے آئمہ تفسیر یا 100 سالہ آئمہ تاویل و تلبیس۔ مرزا قادیانی کا نام "غلام احمد" تھا اور غلام احمد سے "احمد" کی نسبت عقل

و فہم اور قاعدہ و قانون سے بالا ہے۔ ہاں! حضور ﷺ کے اسم گرامی "احمد" کی نسبت سے ہم مسلمان احمدی ہیں بلکہ محمدی بھی ہم ہیں۔ قادیانی

حضرات احمدی کی نسبت کو استعمال کرتے ہوئے جہاں امت محمدیہ واحمدیہ کے جذبات مجروح کرتے ہیں، وہاں غیر محسوس طریقے سے مسلمانوں میں داخل ہونے کی سعی لاحاصل کرتے ہیں۔

سوال: قادیانی اپنے مذہب کے لیے کون سے شعائر اسلامی استعمال کرتے ہیں؟ جواب: قادیانی غیر مسلم ہونے کے باوجود اپنی عبادت گاہ کو مسجد، مرزا قادیانی کو نبی اور رسول، مرزا قادیانی کی بیوی کو ام المومنین، مرزا قادیانی کی بیٹی کو سیدۃ النساء، مرزا قادیانی کے خاندان کو اہل بیت، مرزا قادیانی کے ساتھیوں کو صحابہ کرام، قادیان کو مکہ مکرمہ، ربوہ کو مدینہ، مرزا قادیانی کی باتوں کو احادیث مبارکہ، مرزا قادیانی پر اترنے والی نام نہاد وحی کو قرآن مجید اور محمد رسول اللہ سے مراد مرزا قادیانی لیتے ہیں۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

سوال: قادیانیوں کے نزدیک الہامی کتاب کا درجہ کس کتاب کو حاصل ہے؟ جواب: اس کتاب کا نام "تذکرہ" ہے، جس میں مرزا قادیانی کے شیطانی خواب، کشف، نام نہاد وحیاں اور الہامات وغیرہ درج ہیں۔

سوال: بتائیے! قادیانیوں کی مشہور کتاب "تذکرہ" سے کیا مراد ہے اور قادیانیوں کے نزدیک اس کا کیا مقام ہے؟ جواب: مرزا قادیانی کی نام نہاد وحیوں اور الہامات پر مشتمل کتاب کا نام تذکرہ ہے۔ قادیانیوں کے نزدیک تذکرہ "قرآن مجید" کی طرح مقدس اور اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ کیونکہ مرزا قادیانی کا کہنا ہے کہ میں اپنی وحی اور الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جس طرح قرآن مجید پر۔ (حقیقۃ الوحی ص 220 مندرجہ روحانی خزائن ج 22 ص 220 از مرزا قادیانی)

سوال: قادیانی، قرآن اور قادیان کا کیا تعلق بتاتے ہیں؟ جواب: قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو قادیان کے قریب نازل کیا ہے، (نعوذ باللہ) مرزا قادیانی کا کہنا ہے کہ اس پر وحی نازل ہوئی ہے۔ انا انزلناہ قریباً من القادیان یعنی اے مرزا، ہم نے قرآن مجید کو قادیان کے قریب

نازل کیا۔ (تذکرہ مجموعہ وحی والہامات ص 59 طبع چہارم از مرزا قادیانی)

سوال: قادیانیوں کا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

جواب: قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مکہ اور مدینہ سے روحانیت، فیوضات اور برکات حاصل کرنے کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے، اب جو شخص بھی روحانیت اور برکات حاصل کرنا چاہتا ہے، وہ قادیان کا رخ کرے۔

سوال: مرزا قادیانی نے شہید کربلا سید الشہد حضرت امام حسینؓ سے متعلق کیا بکواس کی؟

جواب: مرزا قادیانی نے حضرت امام حسینؓ کے بارے میں بکواس کرتے ہوئے کہا کہ 100 حسین میرے گریبان میں ہیں۔ میں ہر روز کربلا کی سیر کرتا ہوں۔ میں کستوری ہوں جبکہ حسین گوہ کا ڈھیر ہے۔ (نعوذ باللہ) (نزول المسیح ص 99 روحانی خزائن جلد 18، ص 477، اعجاز احمدی ص 82، روحانی خزائن جلد 19 ص 194)

سوال: قادیانی عقیدہ کے مطابق جو مسلمان مرزا قادیانی کو نبی نہ مانے، وہ کون ہے؟

جواب: قادیانیوں کے نزدیک ایسا مسلمان سور، حرام زادہ اور بدکار عورت کا بیٹا ہے۔

سوال: قادیانیوں کے عقیدہ کے مطابق کن کن شہروں کا نام قرآن پاک میں آیا ہے؟

جواب: مکہ، مدینہ اور قادیان (نعوذ باللہ)

سوال: قادیانی بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے سب سے ضروری شرط کیا ہے؟

جواب: قادیانی بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہاں دفن ہونے والا اپنی کل منقولہ و غیر منقولہ آمدن کا دسواں حصہ قادیانی جماعت کو دے، لیکن مرزا قادیانی اور اس کی آنے والی تمام اولاد کے لیے کوئی شرط نہیں۔

سوال: قادیان کہاں واقع ہے؟

جواب: قادیان، بھارت کے صوبے مشرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور کی تحصیل بٹالہ کا ایک گاؤں ہے۔

سوال: وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا، جس کی بیوی بڑھاپے میں اسے بیماری کی حالت میں چھوڑ کر اپنے آشنا کے ساتھ فرار ہو گئی تھی؟

جواب: قادیانی جماعت کا پہلا خلیفہ حکیم نورالدین۔

سوال: قادیانی وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے قائد اعظم محمد علی جناحؒ کی نماز جنازہ کیوں نہ پڑھی؟

جواب: کیونکہ وہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناحؒ کو کافر سمجھتا تھا۔

سوال: کس مسلمان حکمران کی شہادت پر قادیانیوں نے مٹھائی تقسیم کی اور خوشی سے بھنگڑا ڈالا؟

جواب: خادم حرمین شریفین شاہ فیصل شہیدؒ کی شہادت پر۔

سوال: کس انگریز گورنر نے قادیانیوں کو ربوہ میں 1033 ایکڑ، 7 کنال 8 مرلے اراضی ایک آنہ فی مرلہ کے حساب سے دی تھی؟

جواب: سر فرانسس موڈی نے۔

سوال: کیا کسی قادیانی مردے کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جا سکتا ہے؟

جواب: قادیانی مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں، لہٰذا ان کا مسلمانوں اور ان کے قبرستان سے کیا تعلق۔

سوال: دنیا کے اس ملک کا نام بتائیں جہاں یہودیت کے علاوہ کسی اور مذہب کی تبلیغ کی قانونی اجازت نہیں، لیکن قادیانی مشن وہاں بھی قائم ہے؟

جواب: اسرائیل میں۔

سوال: قادیانیوں نے مسلمانوں کے بالمقابل اپنا سال بھی ترتیب دیا۔ کیا آپ قادیانی سال کے مہینوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: 1- صلح، 2- تبلیغ، 3- امان، 4- شہادت، 5 ہجرت، 6- احسان، 7- وفا، 8- ظہور، 9- تبوک، 10- اخاء، 11- نبوت، 12- فتح

سوال: جملہ مکمل کریں؟ تین چیزوں سے ہمیشہ بچیں۔

جواب: شیطان۔ شیزان۔ قادیان۔

سوال: انگریزوں نے مرزا قادیانی کو نبی کیوں بنایا؟

جواب: مسلمانوں کے دلوں سے حضور نبی کریم ﷺ کی عقیدت و محبت اور جذبہ جہاد ختم کرنے کے لیے، قرآن و سنت کی تعلیمات کو مسخ کرنے کے لیے اور ملت اسلامیہ کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لیے انگریزوں نے مرزا قادیانی کو نبی بنایا۔

سوال: مسلمانوں اور قادیانیوں کے کلمہ میں بنیادی فرق کیا ہے؟

جواب : قادیانی عقیدہ کے مطابق مرزا قادیانی "محمد رسول اللہ" ہے۔ لہٰذا قادیانی، کلمہ طیبہ میں محمد سے مراد مرزا قادیانی کو لیتے ہیں۔ جیسا کہ مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر احمد ایم اے لکھتا ہے: "پس مسیح موعود (مرزا قادیانی) خود محمد رسول اللہ ﷺ ہے جو اشاعت اسلام کے لیے دوبارہ دنیا میں تشریف لائے، اس لیے ہم کو کسی نئے کلمہ کی ضرورت نہیں، ہاں اگر محمد رسول اللہ ﷺ کی جگہ کوئی اور آتا تو ضرورت پیش آتی۔"

(کلمۃ الفصل صفحہ 158 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

سوال : مرزا بشیر الدین محمود نے اپنی ایک بیٹی سے منہ کالا کیا۔ اس کا نام بتائیں؟

جواب : امۃ الرشید (بحوالہ شہر سدوم از شفیق مرزا)

سوال : مرزا قادیانی کا دوست حکیم نور الدین جب اُسے ملنے اس کے گھر آتا تھا تو مرزا قادیانی کی بیوی نصرت جہاں بیگم اُسے کس نام سے پکارتی تھی؟

جواب : نصرت جہاں بیگم پیار اور دل لگی سے حکیم نور الدین کو "چٹا ککڑ" (سفید مرغا) کہہ کر بلاتی تھی۔

سوال : قادیانیوں اور دیگر کافروں میں کیا فرق ہے؟

جواب : قادیانی زندیق ہیں جو اسلام کو کفر جبکہ اپنے کفریہ عقائد کو اسلام کے طور پر پیش کرتے ہیں اور خود کو مسلمان کہتے ہیں۔ دنیا کے تمام کافر اپنے کفر پر اسلام کا لیبل نہیں لگاتے۔ وہ لوگوں کے سامنے اپنے کفر کو اسلام کے نام سے پیش نہیں کرتے، بلکہ ان کے مذاہب کی اپنی الگ الگ پہچان ہے اور ان کے شعائر اور عقائد بھی علیحدہ علیحدہ ہیں۔ دیگر کافروں کے نبی سچے لیکن خود جھوٹے، قادیانی خود جھوٹے ان کا نبی بھی جھوٹا۔ یہودی، عیسائی، ہندو وغیرہ یہ عام کافر ہیں، جو اپنے مذہب کی تشہیر یہودیت، عیسائیت اور ہندومت سے کرتے ہیں، جبکہ قادیانی اپنے

کفر پر اسلام کا لیبل لگا کر قادیانیت کو اسلام اور اسلام کو کفر کہتے ہیں، لہٰذا قادیانی عام کافر نہیں بلکہ زندیق ہیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلہ کی روشنی میں یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ قادیانیوں اور دیگر غیر مسلموں (عیسائیوں، یہودیوں، ہندوؤں، سکھوں وغیرہ) میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ دیگر غیر مسلم، کافر ہونے کی

وجہ سے اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہتے، نہ اپنے مذہب کو اسلام کہتے ہیں اور نہ ہی وہ شعائر اسلامی استعمال کرتے ہیں۔ اس کے برعکس قادیانی غیر مسلم ہونے کے باوجود اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، اپنے کفریہ عقائد کو اسلام کہتے ہیں، مسلمانوں کو کافر سمجھتے ہیں اور اپنے مذہب کو اسلام کہہ کر تبلیغ و تشہیر کرتے اور تمام شعائر اسلامی استعمال کرتے ہیں۔ اسلام سچے نبی کے جھوٹے پیروکاروں کے وجود کو تسلیم کرتا ہے لیکن اسلام نہ جھوٹے نبی کو قبول کرتا ہے اور نہ ہی اس کے پیروکاروں کو۔ چنانچہ زندیق ہونے کی حیثیت سے قادیانیوں کے احکامات عام کافروں سے علیحدہ ہیں۔

سوال: 1857ء کی جنگ آزادی میں مرزا قادیانی کے باپ نے انگریزوں کی کیا مدد کی تھی؟ جواب: انگریزی فوج کو اپنے پاس سے پچاس سوار اور پچاس گھوڑے دیے۔

سوال: مرزا قادیانی نے دوران ملازمت مختاری کا امتحان دیا تھا، اس کا کیا بنا؟ جواب: فیل ہو گیا تھا۔

سوال: قادیانی، مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟ جواب: خدا کے نافرمان، جہنمی، رنڈیوں کی اولاد، مرد سور، عورتیں کتیاں، حرام زادے، ابو جہل کی پارٹی، کافر، دائرہ اسلام سے خارج۔ کیونکہ مسلمان مرزا قادیانی کو نبی نہیں مانتے۔

سوال: مرزائیوں کے شہر ربوہ کا نیا نام بتائیں اور یہ کہاں واقع ہے؟ جواب: چناب نگر۔ یہ دریائے چناب کے مغربی کنارے فیصل آباد، سرگودھا روڈ پر ضلع چنیوٹ کی حدود میں واقع ہے۔

سوال: مرزا قادیانی نے اپنی ایک کتاب میں اپنے حاملہ ہونے کا ذکر کیا ہے۔ اس کی تفصیل بتائیں؟

جواب: ایک دفعہ مجھے ایسے محسوس ہوا کہ میں عورت ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ رجولیت کا اظہار کیا جس سے میں حاملہ ہو گیا۔ .... مریم کی روح عیسیٰ کی طرح مجھ میں نفخ کی

گئی۔ میں دس ماہ تک حاملہ رہا۔ پھر مجھے درد زہ ہوئی۔ پھر مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا (یعنی میرے میں سے میں نکلا)۔ لہٰذا میں ابن مریم ہوں۔

(اسلامی قربانی از قاضی یار محمد قادیانی، کشتی نوح ص نمبر 47 شیطانی خزائن جلد 19 ص 50، 51)

سوال: کس قادیانی خلیفہ کے بارے میں مشہور ہے کہ جب وہ مرض الموت میں مبتلا تھا تو اپنا پاخانہ کھاتا تھا؟

جواب: مرزا بشیر الدین محمود قادیانی کے بارے میں۔

سوال: مرزا قادیانی نے اپنے حقیقی بیٹے کو جائیداد سے عاق کر دیا، اس کا جنازہ بھی نہ پڑھا کیونکہ اس نے مرزا کو نبی ماننے سے انکار کر دیا تھا، مرزا کے اس بیٹے کا نام بتائیے؟

جواب: مرزا فضل احمد۔

سوال: مرزا قادیانی نے اپنی کتاب نجم الہدیٰ میں مسلمان مردوں اور عورتوں کو کن الفاظ سے گالیاں دی ہیں؟

جواب: مرزا قادیانی نے لکھا: ”دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں۔“ (روحانی خزائن، ج14، ص53)

سوال: مرزا قادیانی نے سیّدنا عیسیٰ روح اللہ کی شان میں جو گستاخیاں کی ہیں، ان میں سے کوئی دو بیان کریں؟

جواب: 1- آپ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے تین دادیاں، نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں۔ (نعوذ باللہ)

(ضمیمہ انجام آتھم ص 7، مندرجہ روحانی خزائن، ج11، ص291)

2- ”آپ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کو گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی، ادنیٰ ادنیٰ بات میں غصہ آ جاتا تھا۔“ (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص 5، مندرجہ روحانی خزائن، ج11، ص289)

3- ایک دفعہ مرزا قادیانی کو افیون استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا، اس کے جواب میں مرزا قادیانی نے کہا: ”میں ڈرتا ہوں کہ لوگ ٹھٹھا کر کے یہ نہ کہیں کہ پہلا مسیح (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) تو شرابی تھا اور دوسرا افیونی۔“

(نسیم دعوت، ص69، مندرجہ روحانی خزائن، ج19، ص435)

سوال: مرزا قادیانی کی اللہ تعالیٰ کے بارے میں چار گستاخیاں بتائیں

جواب: (1) سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

• (2) میں نے اپنے آپ کو خواب میں دیکھا کہ میں خدا ہوں اور میں نے یقین کر لیا کہ میں وہی ہوں۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

• (3) وہ خدا جو ہمارا خدا ہے ایک کھا جانے والی آگ ہے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

• (4) مجھ سے میرے رب نے بیعت کی۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

سوال : قادیانیوں کے کفریہ عقائد میں سے کوئی سے تین عقائد بیان کریں؟

• جواب : 1- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی خود "محمد رسول اللہؐ" ہے۔ اب ان کے مطابق کلمہ طیبہ میں رسول اللہ سے مراد مرزا قادیانی ہے۔ (العیاذ باللہ)

(کلمۃ الفصل ص 158 از مرزا بشیر احمد قادیانی ابن مرزا قادیانی)

• 2- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ ہر شخص ترقی کر سکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پا سکتا ہے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ ﷺ سے بھی بڑھ سکتا ہے۔"

(مرزا بشیر الدین محمود کی ڈائری، اخبار الفضل قادیان نمبر 5، جلد 10، 17 جولائی 1922ء)

• 3- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید کی بے شمار آیات مرزا قادیانی پر دوبارہ نازل ہوئیں۔ (تذکرہ مجموعہ وحی و الہامات طبع چہارم از مرزا قادیانی)

• 4- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی تمام انبیاء کرام کا مجموعہ ہے۔

(حقیقت الوحی ص 73 روحانی خزائن ج 22 ص 76)

• 5- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیتے تھے۔ تین دادایاں

اور نانیاں کنجریاں ، زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں۔ آپ کا کوئی معجزہ نہ تھا۔ (نعوذ باللہ)

(انجام آتھم روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 291 ، خزائن جلد 19 ص 71 از مرزا قادیانی)

• 6- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید قادیان کے قریب نازل ہوا۔

(تذکرہ مجموعہ وحی و الہامات ص 59 طبع چہارم از مرزا قادیانی)

• 7- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید مرزا قادیانی پر دوبارہ نازل ہوا۔

(کلمۃ الفصل 173 از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا قادیانی)

• 8- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ ربوہ و قادیان ، مکہ مدینہ سے افضل ہیں۔

(حقیقۃ الرؤیاء ص 46 از مرزا بشیر الدین)

• 9- قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ تمام مسلمان جو مرزا قادیانی کو نبی نہیں مانتے ، کنجریوں کی اولاد ہیں۔ (آئینہ کمالات اسلام ص 547 از مرزا قادیانی)

سوال: وہ کون سی قرآنی آیات ہیں جو قادیانی عقیدہ کے مطابق مرزا قادیانی پر نازل ہوئیں؟ (نعوذباللہ)

جواب: قادیانی عقیدہ کے مطابق مرزا قادیانی پر نازل ہونے والی قرآنی آیات مندرجہ ذیل ہیں۔ (نعوذباللہ)

• ”انا اعطینک الکوثر . فصل لربک وانحر . ان شانئک ھو الابتر.“

(تذکرہ مجموعہ وحی والہامات صفحہ 73، طبع چہارم از مرزا قادیانی)

• ”ورفعنالک ذکرک“ (تذکرہ مجموعہ وحی والہامات صفحہ 74 طبع چہارم از مرزا قادیانی)

